# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: مصوتہ دہرائی | |

**مقاصد:**: مصوتہ "الف، و" سے ارکان و الفاظ سازی

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب۔

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- آج ہم مصوتہ "الف" کے ساتھ باقی حروف کو ملا کر بننے والے ارکان و الفاظ کو پڑھنے کی دہرائی کریں گے۔
- پڑھائے جانے والے تمام ارکان کے چارٹ پیپر کے کارڈ اس طرح سے تیّار کر لیں کہ ان کی ایک طرف رکن الگ الگ لکھا ہو اور دوسری طرف مکمل رکن یا لفظ لکھا ہو۔
- بچوں کو باری باری تمام کارڈ دکھاتے جائیں اور ہاتھ بلند کروا کر ان کی خواندگی کرواتے جائیں۔
- ارکان و الفاظ سازی کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے جماعت میں آنے سے پہلے پلاسٹک کے انڈے ایسے تیار کریں کہ ان میں مختلف حروف تہجی کے تین سے چار حروف اور ایک ایک مصوتہ 'الف' کی پرچی رکھ دیں۔
- جماعت کے بچوں کے تین گروہ بنا لیں۔
- اب یہ بنے ہوئے انڈے جماعت کے گروہوں میں اس طرح تقسیم کریں کہ ان میں انڈو کی تعداد ایک جیسی ہو۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان انڈوں کو کھولیں اور آپس میں مشورے کے بعد ان حروف اور مصوتہ "الف" کو ملا کر ارکان و الفاظ بنائیں اور اپنے سامنے موجود میز پر رکھتے جائیں۔
- اس کام کے لیے بچوں کو مخصوص وقت دیں اور مقررہ وقت کے بعد بچوں کا کام چیک کریں۔
- جو بچہ درست کام کرے ان کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (30 منٹ)

- جماعت میں جانے سے پہلے حروف تہجی کے فلیش کارڈ بنا کر ان کو ایک ایک لکڑی کی اسٹک پر گوند کی مدد سے چپکا کر تیار کر لیں۔
- بورڈ پر ستارے کی شکل میں کٹے ہوئے چارٹ پیپر پر حرف "و" لکھیں اور بورڈ کے درمیان میں لگا دیں۔
- بچوں سے سوال کریں کہ یہ کون سا حرف ہے اور اس کی آواز کیا ہے؟
- اس کے بعد جماعت کے بچوں میں حروف تہجی کے بنے فلش کارڈ ایک ایک کر کے تقسیم کر دیں۔
- اب ایک ایک بچے کو کھڑا کریں اور بچے سے پوچھیں کہ اس بچے کے پاس جو حروف تہجی کا حرف ہے اس کو مصوتہ 'و' سے ملا کر پڑھے تو کون سا دو حرفی لفظ بنتا ہے؟
- اسی طرح جماعت کے تمام بچوں کو کھڑا کر کے مصوتہ 'و' سے ارکان بنوائیں۔
- درست طور پر ارکان بنانے میں بچوں کی مکمل مدد کریں۔

- بچوں سے آج لکھوائے جانے والے مصوتہ "و" کے ارکان والفاظ چارٹ پیپر کے کارڈ اس طرح سے تیّار کرلیں کہ ان کی ایک طرف ارکان یا الفاظ کے حروف الگ الگ کر کے لکھے ہوں اور دوسری طرف مکمل ارکان یا الفاظ لکھے ہوں۔
- بچوں کو باری باری تمام کارڈ دکھاتے جائیں اور ہاتھ بلند کرواکر ان کی خواندگی کرواتے جائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر مصوتہ 'و' اور حروفِ تہجی کے چند حروف لکھیں اور بچوں سے ان کے ارکان بنا کر لکھنے کو کہیں۔
- اب بچوں کو مصوتوں "الف، و" کے کارڈ دکھا کر ان کے نام اور آوازیں پوچھیں۔
- جماعت کے بچوں کی جوڑیاں بنادیں۔
- پھر ہر جوڑی کو آئس کریم کون ایک پیپر پر لگا کر دیں۔
- کون کے نیچے والے حصوں پر مصوتہ "الف اور و" کے مکمل الفاظ اور ان کے اوپر والے حصوں پر ان الفاظ کے ارکان یا حروف لکھ کر انھیں کاٹ کر الگ الگ کر دیں۔
- ہر جوڑی کے حصے میں ایک ایک لفظ آئے گا۔ (ایک کون پر ایک لفظ لکھا ہو گا اور اسی لفظ کے حروف کون کے اوپر والے حصوں پر لکھ کر انھیں کاٹ کر الگ الگ کر کے ملا کر انھیں دیں گے)۔
- اب ہر جوڑی سے کہیں کہ وہ کون پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور ان کے اوپر والے حصوں میں سے ان ہی الفاظ پر مشتمل ان کے اوپر والے حصوں کو ڈھونڈیں اور انھیں ملا کر لفظ بنائیں۔
- جب سب بچے مل کر کون کے اوپر والے حصوں کو جوڑ کر الفاظ بنالیں تو ایک گروپ کے لیڈر کو بلائیں جو الفاظ پر مشتمل کون والا پیپر تختہ تحریر پر چسپاں کرے گا۔
- پھر وہ باری باری ان الفاظ اور ان کے حروف کی آواز کی ادائی کرے گا۔
- پھر استاد بچوں سے ان الفاظ کی ادائی کروائیں اور ان کے حروف کے بارے میں پوچھیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی تمام بچوں سے کروائیں۔

**اعادہ:**

**جائزہ:**

**گھر کا کام:**

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم　　　یونٹ:2 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: دہرائی | |

**مقاصد:** مصوتہ 'ی، ے' سے ارکان و الفاظ سازی

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب۔

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم مختلف حروف کی دوستی مصوتہ "ی" سے کروائیں گے اور مختلف ارکان و الفاظ بنائیں گے۔
- اب تختہ تحریر پر مصوتہ "ی" لکھیں۔
- پھر بولیں: بچو! ہم مصوتہ "ی" کی دوستی کرواتے ہیں حرف "ب" سے۔ بچوں سے پوچھیں کہ "ب" دوست بنا "ی" کا تو کیا رکن بنا؟
- ان کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں، پھر تختہ تحریر پر رکن "بی" لکھیں۔ ساتھ ساتھ بچوں کو اس کی آواز کی ادائی کروائیں۔
- خیال رکھیں کہ مخلوط رکن "بی" ہی پڑھائیں اور جوڑ ہر گز نہ کروائیں۔ جیسے "ب" کی دوستی ہوئی "ی" سے تو ایک رکن بنا اور وہ ہے: "بی"۔
- بچوں سے کہیں کہ رکن "بی" کے ساتھ کوئی حرف یا رکن لگا کر کوئی لفظ بنائیں۔
- ان کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں اور مختلف الفاظ بنوائیں۔ جیسے: چابی۔
- اسی طرح یہ سرگرمی مختلف ارکان و الفاظ پر کروائیں۔
- اس کے بعد اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا لیں۔
- سب بچوں کو دائرے میں کھڑا کر دیں۔
- اب ایک بچے کی طرف گیند اچھالیں اور اسے کچھ حروف بتائیں اور مصوتہ "ی" سے نئے ارکان و الفاظ بنانے کو کہیں۔
- بچہ گیند پکڑے گا اور حروف کو مصوتہ سے ملا کر نئے ارکان اور الفاظ بنائے گا۔ یوں ارکان و الفاظ سازی کا یہ کھیل چلتا رہے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (30 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم مصوتہ "ے" کی دوستی مختلف حروف سے کرواتے ہوئے کچھ ارکان و الفاظ بنائیں گے۔
- اب تختہ تحریر پر حرف "د" لکھیں اور بچوں سے اس کی آواز کی ادائی کروائیں۔
- پھر اس کے سامنے مصوتہ "ے" لکھ کر بچوں سے کہیں کہ اگر ہم "د" کی دوستی مصوتہ "ے" سے کروائیں تو کیا رکن بنتا ہے؟
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- تختہ تحریر پر رکن "دے" لکھ کر بچوں سے اس کی آواز کی ادائی کروائیں اور پڑھائیں: "د" بنا دوست "ے" کا تو رکن بن گیا "دے"۔
- بچوں سے کہیں کہ رکن "دے" کے ساتھ کوئی حروف یا رکن لگا کر کوئی لفظ بنائیں۔
- ان کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں اور مختلف الفاظ بنوائیں۔ جیسے: کھودے، پودے۔

- اسی طرح یہ سرگرمی مختلف الفاظ پر کروائیں۔
- اب بچوں کے ساتھ بنگو گیم کھیلیں۔
- چارٹ پیپر کی مدد سے ایک خرگوش کی شکل کا ڈبا بنائیں اور اس پر لکھ دیں؟ آئیں پڑھیں۔
- چارٹ پیپر کی پندرہ گاجریں بنائیں۔ ان میں سے آٹھ پر مصوتہ "ے" اور چند حروف کے ملاپ پر مبنی ارکان و الفاظ لکھ دیں۔
- اور باقی سات پر لفظ بنگو لکھ کر انھیں خرگوش نما ڈبے میں ڈال دیں۔
- کسی ایک ٹیم کے بچے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ ڈبے میں سے کوئی گاجر نکالے۔
- وہ بچہ گاجر نکال کر اس پر لکھا ہوا رکن یا لفظ پڑھے گا اور دوسری ٹیم اس میں موجود حروف کی تعداد اور ان کی آوازیں بتائے گی۔
- دونوں ٹیموں کو درست جواب دینے پر دو دو نمبر مل جائیں گے۔
- پہلی ٹیم کا بچہ پھر نئی گاجر نکالے گا، اگر اس دوران میں لفظ بنگو نکل آئے تو باری دوسری ٹیم کو مل جائے گی۔
- آخر میں جس ٹیم کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گی۔

**اعادہ:**

**جائزہ:**

**گھر کا کام:**


# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کانام:اعراب(دہرائی) | |

**مقاصد:** زبر،زیر،پیش،جزم،غنہ اور تشدید کی مشق کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک،کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)




- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں،بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- میز پر تین ٹوکریاں یا خالی ڈبّے رکھ دیں۔ان کے باہر زبر،زیر اور پیش کے کارڈ لگادیں۔
- اب میز پر مختلف اعراب کی حامل مختلف تصویریں یا الفاظ پر بنی کارڈ اُلٹے کر کے پھیلا کر رکھ دیں۔
- جماعت میں سے چند بچوں کو باری باری بلائیں اور ایک ایک کارڈ اٹھانے کے لیے کہیں۔
- اس پر موجود تصویر یا لفظ کو غور سے دیکھنے کے لیے کہیں۔
- اس کے نام کی ادائی کرتے ہوئے اسے متعلقہ اعراب والے ڈبّے میں ڈالنے کے لیے کہیں۔
- سرگرمی کو درست طریقے سے مکمل کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (30منٹ)

- کچھ شیٹوں پر اعراب "زبر،زیر،پیش،شد،تنوین" کے حامل مختلف الفاظ بنا اعراب کے لکھ دیں۔
- ایک شیٹ پر دس الفاظ لکھے ہوں اور کوئی لفظ دہرایا نہ جائے۔بچوں کے مختلف گروہ بنادیں اور انھیں یہ شیٹیں دے دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ شیٹوں پر لکھے ہوئے الفاظ دیکھیں۔
- ان پر درست جگہوں پر اعراب لگائیں اور درست تلفظ سے پڑھیں۔اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو شیٹ سمیت بلائیں۔
- اسے اپنے گروہ کے لگائے ہوئے اعراب کو مد نظر رکھتے ہوئے الفاظ پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔
- مارک شیٹ ساتھ ساتھ بناتے جائیں۔جن الفاظ کا بچہ غلط تلفظ ادا کرے وہ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- بچہ جب الفاظ پڑھ لے تو اس گروہ کے حاصل کردہ نمبر بتائیں۔
- جن الفاظ کا بچے نے غلط تلفظ ادا کیا ہو،ان کی بلند خوانی کروائیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے،وہ جیت جائے گا۔
- اس کے بعد بچوں سے سرگرمی میں پڑھائے تمام الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے اعراب کا دھیان رکھتے ہوئے پڑھائی کروائیں۔
- اس کے ساتھ ہی بورڈ پر چند لائنیں لگادیں۔متفرق بچوں کو بلا کر اعراب والے الفاظ کو درست خانوں میں لکھنے کے لیے کہیں۔

| |
|---|
| • سرگرمی مکمل کروانے میں بچوں کی مکمل مدد کریں۔<br>• درست کام مکمل کرنے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں اور غلط کام کرنے والے کی پیار سے اصلاح کریں۔<br>• اس کے بعد کتاب کا کام مکمل کروائیں۔ |
| **اعادہ:** |
| **جائزہ:** |
| **گھر کا کام:** |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام:(دہرائی) | |

**مقاصد:** واؤ کی اقسام

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو بورڈ کی مدد سے واؤ کی اقسام کا تعارف کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ آج ہم واو کی قسم واو لین اور واو معروف کے بارے میں پڑھیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ جیسے اللہ کی بنائی ہوئی ہر مخلوق کی دنیا میں کوئی نہ کوئی جگہ اور خاص کام ہے اسی طرح حروف تہجی میں ہر حرف کی اپنی ایک اہمیت ہے۔
- ہم نے یہ مشاہدہ کیا ہو گا کہ کچھ الفاظ بولنے میں کسی طرح بولے جاتے ہیں جبکہ لکھنے میں وہ دوسری طرح لکھے جاتے ہیں۔
- آج ہم ایسے ہی الفاظ کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتائیں کہ واو لین کی آواز عموماً چھوٹی اور قدرے پھیل کر ادا کی جاتی ہے۔
- واو لین کی صورت میں واو سے پہلے حرف پر زبر کی علامت ہوتی ہے۔ عام بول چال کے الفاظ مثلاً: او، بو، تو وغیرہ
- اس کے بعد واو لین کے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ اور ان الفاظ کی مدد سے بچوں کو جملے بنا کر سنائیں۔
- چند الفاظ کے بچوں سے بھی جملے بنوائیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر چند واو لین کے الفاظ کے توڑ لکھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ ان حروف کو جوڑ کر لفظ مکمل کریں اور درست جگہ پر زبر کی علامت لگائیں۔
- بچوں کے کام کی نگرانی کریں۔ جہاں بچوں کو مشکل پیش آئے ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کو بتائیں کہ واو معروف کی صورت میں واو سے پہلے حرف پر پیش کی علامت ہوتی ہے اور اُسے خوب کھل کر پڑھا جاتا ہے۔

  مثلاً: اُو، بُو، تُھو کی آوازوں کی مشق کروائیں۔
- اسی طرح واو معروف کے تمام الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد واو معروف کے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور ان الفاظ کی مدد سے بچوں کو جملے بنا کر سنائیں۔
- چند الفاظ کے بچوں سے بھی جملے بنوائیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر چند واو معروف کے الفاظ کے توڑ لکھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ ان حروف کو جوڑ کر لفظ مکمل کریں اور درست جگہ پر پیش کی علامت لگائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (30منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ واو مجہول وہ واو ہے جسے ظاہر کر کے نہیں پڑھا جاتا اور واو مجہول کے پہلے حرف پر کوئی علامت نہیں آتی جیسے: بولو، سوچو، تولو وغیرہ

- بچوں کو واو مجہول کے الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں کو پڑھنے کے لیے کہیں۔
- درست ادائی کی صورت میں شاباش دیں اور غلطی کی صورت میں خود الفاظ کی ادائی کریں۔
- اسی طرح واو مجہول کے تمام الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- واو مجہول کے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور ان الفاظ کی مدد سے بچوں کو جملے بنا کر سنائیں۔
- چند الفاظ کے بچوں سے بھی جملے بنوائیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر چند واو مجہول کے الفاظ کے توڑ لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ان حروف کو جوڑ کر لفظ مکمل کریں۔
- بچوں کے کام کی نگرانی کریں۔ جہاں بچوں کو مشکل پیش آئے ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ اب ہم واؤ معدولہ کے بارے میں پڑھیں گے۔
- اب تختہ تحریر پر دستر خوان کی تصویر بنائیں، بچوں سے اس کا نام پوچھیں۔
- بچوں سے اس کے نام میں موجود حروف کی آوازیں پوچھیں، پھر اس کا تلفظ پوچھیں۔
- تختہ تحریر پر شارک مچھلی چسپاں کر دیں اور اس کے پاس میز پر واولین، معروف، معدولہ اور مجہول کے الفاظ پر مبنی مچھلیاں رکھ دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ شارک کو بہت بھوک لگی ہے۔
- آپ میں سے مختلف بچے باری باری یہاں آئیں گے اور شارک کو مچھلی کھلائیں گے لیکن آپ کو مچھلی کھلانے سے پہلے اس پر لکھے ہوئے لفظ کی ادائی کر کے شارک کو بتانا ہو گا کہ آپ اسے کیا کھلا رہے ہیں ورنہ وہ مچھلی نہیں کھائے گی۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائے اور اس سے کہیں کہ ان کے پاس جس لفظ کے حروف پر مبنی پرچی آئی تھی، اس لفظ پر مبنی مچھلی تلاش کر کے اس لفظ کی ادائی کرتے ہوئے مچھلی شارک کو کھلائے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں یا جوڑیوں سے بھی کروائیں۔
- جس گروہ نے الفاظ کی درست نشان دہی کی ہو گی اور درست تلفظ ادا کیا ہو گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

**اعادہ:**

**جائزہ:**

**گھر کا کام:**

# سبقی منصوبہ بندی

| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| --- | --- | --- |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: (دہرائی) | |

**مقاصد:** یائے کی اقسام

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو بورڈ کی مدد سے یائے (ی، ے) کی اقسام اور تعارف کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ آج ہم یائے (ی، ے) کی قسم یائے لین کے بارے میں پڑھیں گے۔
- ہم نے یہ مشاہدہ کیا ہو گا کہ کچھ الفاظ بولنے میں کسی طرح بولے جاتے ہیں جبکہ لکھنے میں وہ کسی اور طرح لکھے جاتے ہیں۔
- آج ہم ایسے ہی الفاظ کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتائیں کہ یائے لین وہ یائے ہے جس کے پہلے حرف پر زبر ہو اور آواز کو نرم اور ترچھا کر کے پڑھا جائے عام بول چال کے الفاظ مثلاً: پَے + دا۔ پیدا۔ سَے + ر۔ سیر
- بچوں کو یائے لین کے الفاظ بورڈ پر لکھ دیں اور بچوں سے پڑھنے کے لیے کہیں۔
- درست ادائی کی صورت میں شاباش دیں اور غلطی کی صورت میں خود الفاظ کی ادائی کریں۔
- اسی طرح واو لین کے تمام الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد یائے لین کے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور ان الفاظ کی مدد سے بچوں کو جملے بنا کر سنائیں۔
- چند الفاظ کے بچوں سے بھی جملے بنوائیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر چند یائے لین کے الفاظ کے توڑ لکھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ ان حروف کو جوڑ کر لفظ مکمل کریں اور درست جگہ پر زبر کی علامت لگائیں۔
- بچوں کے کام کی نگرانی کریں۔ جہاں بچوں کو مشکل پیش آئے ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کو بتائیں کہ یائے معروف وہ "ی" ہے جس کے پہلے حرف کے نیچے زیر ہو اور جسے خوب ظاہر کر کے پڑھا جائے۔
- جب یائے معروف کسی لفظ کے درمیان میں آئے تو اس سے پہلے حرف کے نیچے زیر ہوتی ہے۔ مثلاً: عِی، تِی۔ شِی وغیرہ
- بچوں کو ان کی آوازوں کی مشق کروائیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 22 کھلوائیں۔
- بچوں کو یائے معروف کے الفاظ بورڈ پر لکھ کر دیں اور بچوں سے الفاظ پڑھنے کے لیے کہیں۔
- درست ادائی کی صورت میں شاباش دیں اور غلطی کی صورت میں خود الفاظ کی ادائی کریں۔
- اسی طرح یائے معروف کے تمام الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد یائے معروف کے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور ان الفاظ کی مدد سے بچوں کو جملے بنا کر سنائیں۔

- چند الفاظ کے بچوں سے بھی جملے بنوائیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر چند یائے معروف کے الفاظ کے توڑ لکھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ ان حروف کو جوڑ کر لفظ مکمل کریں اور درست جگہ پر زیر کی علامت لگائیں۔
- بچوں کے کام کی نگرانی کریں۔ جہاں بچوں کو مشکل پیش آئے ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار:(30منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ یائے مجہول چھوٹی "ی" کے مقابلے میں قدرے کم ادا ہوتی ہے۔
- اس کی آواز بڑی "ے" کی طرح ہوتی ہے۔
- یائے مجہول کا ظاہر کر کے نہیں پڑھا جاتا اور اس کے پہلے حرف کے نیچے زیر نہیں ہوتی، مثلاً شیر ، بھیڑ، بیر، بٹیر وغیرہ عام طور پر یائے معروف کو چھوٹی "ی" اور یائے مجہول کو بڑی "ے" کہتے ہیں۔
- اس کے بعد یائے مجہول کے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور ان الفاظ کی مدد سے بچوں کو جملے بنا کر سنائیں۔ چند الفاظ کے بچوں سے بھی جملے بنوائیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر چند "یائے مجہول" کے الفاظ کے توڑ لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ان حروف کو جوڑ کر لفظ مکمل کریں۔
- بچوں کے کام کی نگرانی کریں۔ جہاں بچوں کو مشکل پیش آئے ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کو بتائیں گے کہ آج ہم یائے معدولہ کے بارے میں پڑھیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ یائے معدولہ کے آخر میں عموماً حرف الف آتا ہے۔
- یائے معدولہ کے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور ان الفاظ کی مدد سے بچوں کو جملے بنا کر سنائیں۔ چند الفاظ کے بچوں سے بھی جملے بنوائیں۔
- بورڈ پر چند "یائے معدولہ" کے الفاظ کے توڑ لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ان حروف کو جوڑ کر لفظ مکمل کریں۔
- بچوں کے کام کی نگرانی کریں۔ جہاں بچوں کو مشکل پیش آئے ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔
- اب بچوں کے تین گروہ بنا دیں اور انھیں تین سادہ شیٹ، تین گلو اور تین پرچیاں بند کر کے دیں جن پر سورج، چاند اور تارا لکھے ہوں۔
- ایک پرچی پر صرف ایک چیز کا نام لکھا ہو۔ بچوں سے کہیں کہ وہ پرچی کھولیں اور دیکھیں کہ ان کے پاس کس رنگ کی پرچی آئی ہے۔
- اب میز پر تین ڈبے رکھیں۔ ایک ڈبے کے اوپر سورج، دوسرے پر چاند اور تیسرے پر تارے کی تصویر لگی ہو۔
- ان ڈبوں میں الفاظ یائے لین، معروف، مجہول، اور معدولہ کے الفاظ پر مبنی پرچیاں ہوں۔ ایک ڈبے میں صرف چار الفاظ کی پرچیاں ہوں۔
- اب ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ ان کے پاس جس چیز کے نام پر مبنی پرچی آئی ہے، اس کی تصویر پر مبنی ڈبا وہ اٹھا کر لے جائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ ڈبے میں سے الفاظ کی پرچیاں نکالیں، ان پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور گلو کی مدد سے سادہ شیٹ پر چسپاں کریں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ ان کے پاس جو الفاظ آئے ہیں، تختہ تحریر پر وہ الفاظ لکھیں اور اس کی درست ادائی کریں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ جیتنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## اعادہ:

## جائزہ:

## گھر کا کام:

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: دہرائی | |

**مقاصد:** بصری الفاظ و الفاظ کے توڑ

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کے صفحہ نمبر 24۔





**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ چار بلاکس کے نیچے والے بڑے حصوں پر الفاظ "ٹولی، خواب، وعدہ اور واپس" لکھ دیں۔
- اب جو الفاظ دیے ہیں ان کے حروف کی تعداد کے مطابق بلاکس کے چھوٹے چھوٹے حصے لیں اور ان پر ان تمام الفاظ کے حروف الگ الگ لکھ دیں۔ یہ بلاکس چار پلاسٹک کی تھیلیوں میں ڈال دیں۔
- اب ہر گروہ کو ایک ایک پلاسٹک کی تھیلی دیں۔
- ایک تھیلی میں ایک لفظ سے متعلقہ بلاکس کا بڑا حصہ، جس پر لفظ لکھا ہو، اور اس لفظ کے حروف پر مبنی بلاکس کے حصے ہوں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلی میں سے بلاکس کے حصے نکالیں۔
- بڑے حصے پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں، پھر اس کی درست ترتیب سے حروف کے بلاکس کو باہم جوڑ کر لفظ بنائیں۔
- اس کے لیے انھیں چند منٹ دیں۔ مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے باری باری لفظ اور اس کے حروف سے متعلق پوچھیں۔
- جس گروہ نے درست ترتیب سے حروف جوڑیں ہوں گے، وہ گروہ فاتح قرار پائے گا۔
- اب تختہ تحریر پر لفظ ٹولی کے حروف لکھیں۔
- بچوں سے ان کی اصوات کی ادائی کروائیں۔ پھر ان حروف کو ملا کر لفظ ٹولی لکھیں اور پڑھائیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ کے حروف پر کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (30 منٹ)

- بچوں کو کمرا جماعت میں دور کی کسی چیز کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھیں کہ وہ کیا ہے؟
- ساتھ ساتھ ان چیزوں کی تصویریں بورڈ پر بنا کر ان کے ساتھ یہ، وہ کا استعمال کرتے ہوئے ان کے نام لکھ دیں۔ جیسے: یہ کتاب، وہ دروازہ۔
- اسی طرح سے یہ سرگرمی دو اور چیزوں پر کروائیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ بورڈ پر لکھے جملوں میں دیکھیں کہ ان میں کون کون سے الفاظ بار بار آئے ہیں؟ بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- پھر یہ اور وہ کے دو دو جملے بچوں کو سنائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ یہ کا استعمال ہم اس وقت کرتے ہیں جب ہم کسی قریب کی چیز کے بارے میں بات کر رہے ہوں۔ جیسے: یہ کتاب، یہ کرسی،، یہ میز۔

- اب بچوں سے کہیں کہ وہ دیکھیں کہ ان کے پاس کون کون سی چیزیں ہیں، جن کے لیے یہ کا استعمال ہو سکتا ہے؟
- بچوں کے جوابات بورڈ پر لکھتے جائیں۔ بچوں کو یہ کے استعمال کی اور مثالیں دیں۔
- اب کمرا جماعت میں موجود دور کی چیزوں کے بارے میں بچوں سے مختلف سوالات کریں۔ جیسے کھڑکی کی طرف اشارہ کر کے پوچھیں کہ وہ کیا ہے؟ بچے جواب دیں گے: کھڑکی۔ اسی طرح سے کچھ اور چیزوں کے بارے میں پوچھیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ 'وہ "کا استعمال ہم اس وقت کرتے ہیں جب ہم کسی دور کی چیز کے بارے میں بات کر رہے ہوں۔ جیسے: وہ پنکھا، وہ دروازہ۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ دیکھیں کہ ان کے پاس کون کون سی چیزیں ہیں، جن کے لیے وہ کا استعمال ہو سکتا ہے؟
- بچوں کے جوابات بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے بارے میں چند جملے بول کر بتائیں کہ وہ روز روز کون کون سے کام کرتے ہیں؟
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔ ساتھ ساتھ کچھ جملے بورڈ پر بھی لکھتے جائیں جو "ہُوں" پر مبنی ہوں۔
- بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں۔
- پھر ان سے پوچھیں کہ ان میں کیا چیز ایک جیسی ہے؟
- بچوں کا جواب ہو گا: ہُوں۔ بچوں کو بتائیں کہ جن جملوں کے آغاز میں "میں "لگایا جاتا ہے۔ عام طور پر اُن کے آخر میں "ہوں "لگاتے ہیں۔



- آج ہم "ہے، ہیں اور ہوں "کا استعمال سیکھیں گے۔
- جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنادیں اور ان میں الفاظ "ہے، ہیں اور ہوں "کی پرچیاں تقسیم کر دیں۔
- میز پر تین ٹوکریاں رکھ دیں۔ جن کے باہر ہے، ہیں اور ہُوں کے فلیش کارڈ لگے ہوئے ہوں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی ٹوکری کے پاس آکر کھڑے ہو جائیں۔
- اب بچے اپنے پاس موجود کارڈ کو دیکھیں اور بتائیں کہ وہ لفظ، ایک چیز کے لیے استعمال ہوتا ہے یا بہت زیادہ چیزوں کے لیے۔
- بچوں سے کہیں کہ اپنے پاس موجود کارڈ کو دیکھیں اور ایک جملہ بنائیں۔
- جیسے: لفظ "ہے "والا بچہ جملہ بنائے "لڑکی پڑھ رہی ہے۔ "تو دوسرا بچہ اسے اس طرح سے تبدیل کرے "لڑکیاں پڑھ رہی ہیں "اور لفظ "ہوں "والا اسے اس طرح تبدیل کرے "میں پڑھ رہی ہوں"۔
- اب بچوں کی تین ٹیمیں بنادیں اور انھیں تین دائروں میں الگ الگ بٹھادیں۔
- ایک ٹیم کو ہے، دوسری کو ہیں اور تیسری کو ہُوں کے الفاظ پر مبنی پرچیاں دیں۔
- اب لفظ "ہے "والی ٹیم سے کہیں کہ وہ "ہے "پر مبنی کوئی جملہ بولے۔ وہ کوئی جملہ بولے گی، پھر "ہیں "والی ٹیم کے بچے اسی جملے کو ہیں میں بدل کر جملہ بنائیں گے۔
- اسی طرح سے یہ سرگرمی "ہُوں "کے لفظ پر مبنی ٹیم کے بچے بھی کریں۔
- اسی طرح سے بچوں سے چار پانچ جملے بنوائیں۔ جیتنے والی ٹیم کو کوئی انعام دیں۔
- اگلی سرگرمی کے لیے جماعت کے بچوں کے 7 گروہ بنادیں۔ ایک ٹوکری میں چند افعال کی تصاویر رکھ دیں۔
- ہر گروہ کے سامنے باری باری ایک ٹوکری کریں، اور انھیں اس میں کوئی سی تصویر اٹھانے کے لیے کہیں۔

| |
|---|
| • ان میں "گھر، دو بچوں کی، اسکول جاتے ہوئے یا کھانا کھاتے ہوئے، بچے ہاتھ ملاتے ہوئے، بچے کھیل کے میدان میں کھیلتے ہوئے" کی تصاویر ہوں۔<br>• بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جس فعل پر مبنی تصویر آئی ہے ان کے لیے "میں، "میرا، ہم، ہمارا، تم، تمھارا" کے الفاظ کا استعمال کرتے ہوئے ان کے بارے میں جملے سوچیں۔<br>• اس دوران میں ان چیزوں کی تصویریں بوڈ پر بنادیں، جن کی تصویریں بچوں کو دی ہوں۔<br>• پھر باری باری ہر گروہ میں سے مختلف بچوں کو بلا کر متعلقہ تصویروں کے ساتھ الفاظ "میں، "میرا، ہم، ہمارا، تم، تمھارا" کا استعمال کرواتے ہوئے جملے لکھوائیں۔<br>• جو گروہ یہ سرگرمی بہتر طوپر کرے گا، وہ فاتح قرارپائے گا۔ |
| **اعادہ:** |
| **جائزہ** |
| **گھر کا کام:** |